Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۲) مطبوعہ شنبہ بتاریخ ۷ جمادی الاول ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۸ اگست ۱۹۳۴ء جلد ۳۶

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

عطائے اجازت و معافی قصور سید امداد علی سابق ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں۔	۲	۲/۱	عطائے اجازت و معافی قصور میرزا حبیب حسن بیگ [illegible]	۲
		۳/۱	توسیع رخصت لفٹنٹ کرنل آبر نیتی صاحب	۳

آرڈرز آن کونسل ریاست رامپور

تقرری ڈاکٹر رحمت اللہ صاحب باشندہ ضلع فیر	۴	۸	تقرری مساۃ بیگم جان استانی (ساکنہ مراد آباد)	۵
تقرری مس ریتا دی شرما ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول؛	//	۹	نقل احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ اینا کونسل	//
اضافہ گریڈ ٹیچران ہائی اسکول	۵	۱۰	متفرق آرڈرز آن کونسل۔	۶ تا ۹
تقرری مساۃ صاحب بیگم معلمہ (ساکنہ مراد آباد)	۵			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- مورخہ یکم اگست ۱۹۳۳ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم
(لندن)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　میرساند

جناب عالی!

سید مداد علی سابق ڈپٹی سکریٹری اجلاس ہمایوں کی درخواست ملاحظہ ہمایوں میں پیش ہے۔ خیرخواہ بصد ادب عرض پرداز ہے کہ شائق اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم سے قدیمی توسل وخدمت گذار ہیں۔ ان کی بیکاری کو ایک سال کا طویل عرصہ ہوتا ہے۔ پرورش خسروانہ کے مستحق ہیں۔ خیرخواہ مستدعی ہے کہ از راہ ترحم خسروانہ انکا قصور معاف فرمایا جائے اور پیشگاہ ہمایوں سے حکم عطائے ملازمت شرف صدور بخشے تو عین پرورش ہوگی جگہ خالی ہونے پر خیرخواہ انتظام کردیگا۔ زیادہ حد ادب

دولت اقبال بر ترقی باد

خیرخواہ دستخط جناب پریسیڈنٹ صاحب کونسل
(معروضہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۳ء)

تعمیل حکم ہمایوں سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔
۱۰ اگست ۱۹۳۳ء

حکم:- مورخہ یکم اگست ۱۹۳۳ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔　(لندن)

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　میرساند

جناب عالی!

مرزا حسین بیگ سابق پیشکار اکاؤنٹ آفس کی تحویل سے کچھ رقم سرکاری سرقہ ہوگئی تھی۔ اس قصور میں پیشکار مذکور ملازمت سے برخاست کردیا گیا تھا۔ اور سرکاری رقم جو اسکی تحویل سے سرقہ ہوئی تھی، داخل کرالیگئی تھی۔

اب نامبردہ نے معافی قصور کی درخواست پیش کی ہے۔ کیفیت محافظ خانہ متعلقہ سے واضح ہے کہ تحقیقات پولیس سے مال وملزم کا پتہ نہیں چلا تھا۔ اسلئے حسب عرضی گزارش بحکم اجلاس ہمایوں ۲۵ مئی ۱۹۳۱ء ملازمت سے برخاست کردیا گیا۔

خیرخواہ مستدعی ہے کہ از راہ پرورش وترحم خسروانہ پیشکار کا قصور معاف فرمادیا جائے اور ملازمت کی اجازت عطا فرمادیجائے تو عین پرورش ورعایا نوازی ہے جگہ خالی ہونے پر نامبردہ کا لحاظ رکھا جائیگا زیادہ حد ادب

دولت واقبال بر ترقی باد

خیرخواہ دستخط جناب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

تعمیل حکم ہمایوں سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایکنقل درج گزٹ کیجائے۔ (۱۰ اگست ۱۹۳۳ء)

روبکار:-

واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء

حسب ایمائے اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم
ملکم لفٹنٹ کرنل آبزرتھی چیف آف دی اسٹاف کی
رخصت رعایتی دو ماہ میں ایک ہفتہ کی توسیع منظور کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں
آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جاوے
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر
دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

آرڈر ان کونسل :-

واقع ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت منظوری تقرر ڈاکٹر رحمت اللہ مسکین ضلع خیر شاہرہ پچاس روپیہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن پیش ہوکر طے پایا کہ :-

چونکہ رامپور میں "کوالیفائڈ" دستیاب نہیں ہوا۔ لہذا حسب تجویز صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر و اتفاق رائے سروس سلکشن بورڈ میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے لئے ڈاکٹر رحمت اللہ باشندہ ضلع خیرا کا تقرر شاہرہ پچاس روپے بعہدہ اسسٹنٹ سرجن بمیعاد ششماہ منظور ہے۔ مصارف تنخواہ بجٹ منظور شدہ میڈیکل ڈپارٹمنٹ سے ادا ہونگے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈر ان کونسل :-

واقع ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت تقرر مسز سیتا ورتی شرما شاہرہ تیس روپے از ۱۵ رجولائی ۱۹۳۳ء بعہدہ ٹیچرس گرلز اسکول برائے ششماہ پیش ہوکر طے پایا کہ :-

چونکہ ٹیچرس رامپور میں اس جگہ کے لئے دستیاب نہیں ہوئی اسلئے حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر و اتفاق رائے سروس سلکشن بورڈ مسز سیتا ورتی شرما ساکن مراد آباد کا تقرر شاہرہ تیس روپیہ بعہدہ ٹیچرس "خورشید گرلس اسکول" ۱۵ رجولائی ۱۹۳۳ء سے ششماہ کے لئے منظور ہے۔ مصارف تنخواہ بجٹ منظور شدہ سے ہونگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت منظوری اضافہ گریڈ چار ٹیچران ہائی اسکول پیش ہوکر طے پایا کہ :-

حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ٹیچران مندرجہ تحت کو بصراحت ذیل اضافہ گریڈ دیا جانا منظور ہے۔

نام ٹیچر	تعداد تنخواہ موجودہ	تعداد اضافہ گریڈ	تاریخ اضافہ گریڈ
سید ذاکر حسین صاحب	[illegible]	[illegible]	۸ر جولائی ۱۹۳۳ء
منشی بشیر الدین صاحب	[illegible]	[illegible]	۸ر جولائی ۱۹۳۳ء
سید تصدق حسین صاحب	[illegible]	[illegible]	۲۰ر جولائی ۱۹۳۳ء
بابو جانکی پرشاد صاحب	[illegible]	[illegible]	۱۸ر جولائی ۱۹۳۳ء

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل:-
واقع ۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات منظوری تقرر مسماۃ حجاب بیگم معلمہ ساکنہ مرادآباد بمشاہرہ بیس روپیہ برائے چند ماہ بر تعلیم مدارس تحصیلی پیش ہوکر طے پایا کہ:-

چونکہ اس جگہ کے لئے کوئی استانی رامپور میں دستیاب نہیں ہوئی لہذا حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر باتفاق رائے سردار سکشن بورڈ مسماۃ حجاب بیگم استانی ساکنہ ضلع غیر کا تقرر بمشاہرہ اٹھارہ روپے ماہانہ چھ ماہ کے لئے برائے مدارس تحصیلی منظور ہے۔ تنخواہ یوم کارکردگی سے دیجائیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری اجلاس کونسل

آرڈران کونسل:-
واقع ۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات تقرر مسماۃ بیگم جان ساکنہ مرادآباد بمشاہرہ بائیس روپیہ برائے چھ ماہ بعہدہ استانی مدرسہ تحصیلی پیش ہوکر طے پایا کہ:-

چونکہ اس جگہ کیلئے کوئی استانی رامپور میں دستیاب نہیں ہوئی لہذا حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر باتفاق رائے سردار سکشن بورڈ مسماۃ بیگم جان ساکنہ مرادآباد کا تقرر بمشاہرہ بائیس روپیہ ماہوار بعہدہ استانی مدرسہ تحصیلی برائے چھ ماہ منظور ہے تنخواہ یوم کارکردگی سے دیجائیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ اجلاس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری اجلاس کونسل

آرڈران کونسل:-
واقع ۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۹ راگست ۱۹۳۳ء میں نقشہ احکام منظور شدہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوکر طے پایا کہ:-

احکام مندرجہ نقشہ منسلکہ ہذا منظور ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے نقل حکم ہذا مع نقل نقشہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ اجلاس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری اجلاس کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر

نمبر	نام محکمہ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	حکم کونسل
۱	[illegible]	کاغذات تقرر مستقل آپاشا ... ماہوار ... جولائی ۱۹۳۳ء	تقرر منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں	۳ راگست ۱۹۳۳ء	منظور ہے
۲	[illegible]	کاغذات [illegible]	[illegible] صاحب ... سکریٹری ... کے پاس ...	۴ "	"
۳	[illegible]	کاغذات منتقلی ... تنخواہ ...	حسب سفارش ... منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں	۵ "	"
۴	[illegible]	کاغذات منظوری رخصت ایک ماہ عبدالقادر خاں ایڈجوٹنٹ	رخصت ایک ماہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں	۶ "	"

آرڈر ان کونسل ریاست رامپور

واقع ۲۰ اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۵ اگست میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ :-

احکام مندرجہ نقشہ منسلک ہذا منظور ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا مع نقل نقشہ منسلکہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر بابت سن ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۳ اگست ۱۹۳۴ء

نمبر شمار	محکمہ	خلاصہ کاغذات	خلاصہ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	رجسٹری	کاغذات منتقلی [illegible] مد وردی و مرمت جلد بندی بد طبع نارم	[illegible] روپیہ کی منتقلی منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام اصل کاغذات صیغہ متعلق بھیجے جائیں۔ ۱۰ اگست ۱۹۳۴ء	
۲	ہائیکورٹ	کاغذات منتقلی از مد مشاہرات بمد وردی متفرقہ [illegible]	منتقلی [illegible] روپیہ کی منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۹ اگست ۱۹۳۴ء	
۳	پولیس	کاغذات رخصت ۴ یوم صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	رخصت منظور ہے ۱۱ اگست ۱۹۳۴ء	
۴	فوج	کاغذات بھتہ ملازمان متعینہ کیمپ ٹریننگ شاہ آباد	بھتہ ملازمان تقسیم شدہ مندرجہ اعتراض نمبر ۵ کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ۹ اگست ۱۹۳۴ء	
۵	توشہ خانہ	کاغذات اخراج گھڑیاں دستی طلائی	دو عدد گھڑیوں کے اخراج کی منظوری دی جاتی ہے کاغذات صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔ ۹ اگست ۱۹۳۴ء	
۶	مطبع	کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت محی الدین احمد اسٹور کیپر	حسب تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر محی الدین احمد کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جاتا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۲ اگست ۱۹۳۴ء	

آرڈران کونسل — واقع ۱۰ اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۵ اگست ۱۹۳۴ء میں کاغذات عطائے رخصت رول ایک ماہ بہ کیڈٹ منظور حسن خان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر کیڈٹ منظور حسن خان کی رخصت رول ایک ماہ یوم استفادہ سے منظور رہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ آرمی ہیڈ کوارٹرس بریگیڈ آرڈر جاری ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل — واقع ۱۶ اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ اگست ۱۹۳۴ء میں اسکیم متعلق تحفظ و ترقی صحت طلبا رامپور ہائی اسکول و دیگر مدارس پیش ہوکر طے پایا کہ اسکیم منظور کیجائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم ہذا مع نقل اسکیم منسلکہ درج گزٹ کیجائے

دستخط جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط جناب سکریٹری بہادر کونسل

ترجمہ اسکیم مرتبہ جناب صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

(۱) اسکول میں داخلہ کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اور سالانہ امتحانات کے نتائج شائع ہونے کے بعد مفصلہ تحت میڈیکل افسران کو ہیڈ ماسٹر اطلاع دینگے۔ میڈیکل افسر متعلقہ اطلاع موصول ہونے پر ایک ہفتہ کے اندر اسکول کے طلبا کے معائنہ کا انتظام کرینگے۔

ہائی اسکول شہر .... سپلیمنٹ افسر

گرلز اسکول...... لیڈی ڈاکٹر جسکو میڈیکل افسر مقرر کرینگے

دیگر مدارس اندرون شہر .... ڈاکٹر متعینہ سٹی ڈسپنسری

تحصیلی اسکول .... ڈاکٹر متعینہ شفاخانہ متعلقہ

(۲) محکمہ تعلیم فوراً انتظام کریگا کہ کارڈ معائنہ صحت ہر ہیڈ ماسٹر کے پاس تقسیم کئے جائیں۔ ان کارڈوں پر طبی معائنہ کی رپورٹیں درج ہونگی اور ہر طالب علم کا تیسرے مہینہ وزن کیا جائے گا۔ ہیڈ ماسٹر متعلقہ وزن کرنے کی مشینوں کی خریداری کے متعلق علیحدہ تجویز پیش کرینگے ہر کمی وزن کی رپورٹ معائنہ کرنے والے ڈاکٹر کے پاس بھیجی جاویگی۔ ڈاکٹر اوس کے متعلق تحقیقات کرکے علاج تجویز کرینگے۔ اور ایک باقاعدہ رجسٹر وزن رکھا جاوے گا جس پر طبی معائنہ کرنیوالے کے دستخط ہونگے جب کبھی وہ معائنہ کرنے کے لئے آئے گا۔

(۳) وہ طالبعلم جو طبی معائنہ میں ناقص پائے جائینگے اون کے والدین کو رپورٹ کی نقل بھیجی جاویگی اور والدین کو اختیار ہوگا کہ وہ اپنے طور پر کسی حکیم یا ڈاکٹر یا معائنہ کرنے والے ڈاکٹر سے علاج کرائیں۔ ہر متعدی مرض کی اطلاع چیف میڈیکل افسر کو فوری دیجاویگی اور طالبعلم کو عارضی طور پر اسکول سے علٰحدہ رکھنے کی ہدایت

کارروائی کیجائے گی۔

(۴) ہیڈ میڈیکل انسپکٹر کا یہ بھی فرض ہوگا کہ اسکول اور طلبا کی صفائی اور حفظان صحت کے متعلق ضروری ہدایات دیا کرے۔

(۵) ہر ایک طلبا اسکا ہیلتھ ہسٹری شیٹ رکھا جائے گا۔ جو روزانہ مکمل کیا جاویگا جسمیں مفصلہ تحت اندراجات ہوں گے۔

الف۔ تاریخ معائنہ اسکول

ب۔ تعداد طلبا جنہیں کوئی بیماری تشخیص کیگئی ہو۔ مع تفصیلی کیفیت

ج۔ کیفیت متعلق صفائی اسکول

د۔ عام کیفیت معائنہ۔

(۶) میڈیکل انسپکٹر کو ہر اسکول میں ایک علیحدہ الماری دیجائیگی جسمیں وہ اپنے رجسٹر اور اشیا ضروری رکھیگا۔

(۷) ہر سالانہ معائنہ کی ایک نقل منسٹر انچارج تعلیم کے پاس بھیجی جائے گی۔

(۸) اس اسکیم کو کامیاب بنانے کے لئے اُمید کیجاتی ہے کہ ہیڈ ماسٹر صاحبان میڈیکل ڈیپارٹمنٹ کی امداد کرینگے اور اس اسکیم کو دیہاتی مدارس میں نافذ کرنے کے لئے سال آیندہ غور کیا جائے گا۔

نوٹ

گرلز اسکول میں ہیڈ ماسٹر سے مراد ہیڈ مسٹرس سے ہوگی۔

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۶ اراگست

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۵ اراگست ۳۲ء میں کاغذات منظوری تقرر مولوی تنجیر احمد صاحب بیس روپیہ ماہوار پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر مولوی تنجیر ا کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ برائے محکمۂ تعلیمات منظور۔ چونکہ ایک منظور شدہ آسامی تیرہ روپیہ ماہوار کی زیر ہے اور مولوی تنجیر احمد کو بیس روپیہ ماہوار تنخ دیجائیگی۔ موجودہ صورت میں سات روپیہ ماہوار کی کمی ہے۔ لہذا سات روپیہ ماہوار بجٹ توسیع تعلیم سے کردیے جائیں۔

حکم ہوا کہ

رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۶ اراگست

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۵ اراگست ۳۲ء میں کا بابت منظوری اضافہ گریڈ ماہوار بہ ماسٹر عزیز ال صاحب پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ماسٹر عزیز الرحمن بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی کی موجودہ تنخواہ میں ۱۱ اراگست ۳۲ء سے دس روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

کارروائی کیجائے گی۔

(۴) میڈیکل انسپکٹر کا یہ بھی فرض ہوگا کہ اسکول اور طلبا کی صفائی اور حفظان صحت کے متعلق ضروری ہدایات دیا کرے۔

(۵) ہر ایک طلبا کا ایک ہسٹری شیٹ رکھا جائے گا۔ جو روزانہ مکمل کیا جاویگا جس میں مفصلہ تحت اندراجات ہوں گے۔

الف۔ تاریخ معائنہ اسکول

ب۔ تعداد طلبا جنہیں کوئی بیماری تشخیص کیگئی ہو۔ مع تفصیلی کیفیت

ج۔ کیفیت متعلق صفائی اسکول

د۔ عام کیفیت معائنہ۔

(۶) میڈیکل انسپکٹر کو ہر اسکول میں ایک مخصوص الماری دیجائیگی جسمیں وہ اپنے رجسٹر اور اشیاء ضروری رکھیگا۔

(۷) ہر سالانہ معائنہ کی ایک نقل منسٹر انچارج تعلیم کے پاس بھیجی جائے گی۔

(۸) اس اسکیم کو کامیاب بنانے کے لئے اُمید کیجاتی ہے کہ ہیڈ ماسٹر صاحبان میڈیکل ڈیپارٹمنٹ کی امداد کرینگے اور اس اسکیم کو دیہاتی مدارس میں نافذ کرنے کے لئے سال آئندہ غور کیا جائے گا۔

نوٹ

گرلز اسکول میں ہیڈ ماسٹر سے مراد ہیڈ مسٹریس سے ہوگی۔

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۶ اراگست ۳۳ء

اجلاس کونسل اتفاقیہ منعقدہ ۱۵ اراگست ۳۳ء میں کاغذات منظوری تقرر مولوی تنجر احمد بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر مولوی تنجر احمد کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ برائے محکمۂ تعلیمات منظور۔ چونکہ ایک منظور شدہ آسامی تیرہ روپیہ ماہوار کی زیر... ہے اور مولوی تنجر احمد کو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائیگی۔ موجودہ صورت میں سات روپیہ ماہوار کی کمی ہے۔ لہذا سات روپیہ ماہوار بجٹ توسیع تعلیم سے ... کرلئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

رشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

آرڈر ان کونسل

واقع ۱۶ اراگست ۳۳ء

اجلاس کونسل اتفاقیہ منعقدہ ۱۵ اراگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت منظوری اضافہ گریڈ ۲ ماہوار بہ ماسٹر عزیزالرحمن صاحب پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ماسٹر عزیزالرحمن بی اے۔ ایل۔ ٹی کی موجودہ تنخواہ میں ۱۱ اراگست ۳۳ء سے دس روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

رشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

آرڈر - ان - کونسل :- مورخہ ۱۵ اگست ۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۵ اگست ۳۲ء میں
کاغذات اجازت تقرر بھیم سنگھ باشندہ ضلع غیر بزمرہ
کانسٹبلان پولیس پیش ہوئے۔
بملاحظہ کاغذات واضح ہوا کہ بھیم سنگھ کو یکم اگست ۳۲ء
سے صاحب ڈی آئی جی بہادر پولیس نے بزمرہ
کانسٹبلان پولیس بھرتی کیا ہے۔ اور اسی سلسلہ میں
تقرر کی اجازت چاہی ہے۔
بھیم سنگھ باشندہ ضلع غیر کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے
آیندہ سے جملہ محکمہ جات ریاست میں اس کا لحاظ رکھا
جائے کہ جو اشخاص باشندہ ریاست نہ ہوں اُن کے
تقرر کے لئے قبل ملازمت اجازت حاصل کرنا
لازمی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل